© rasailojaraid.com



قارئین بنام مدیر

# افکار و تاثرات

• تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن فیس کی مذمت
• دینی اداروں کے بارے میں مغربی پریس کی تشویش
• قرآن مجید کا روسی زبان میں ترجمہ
• امریکہ میں مسلمان
• اکیسویں صدی میں روس اسلام کے سامنے
• کینیا کے معروف پادریوں کا قبول اسلام
• بینکنگ سیکٹر دیوالیہ ہونے کا خطرہ
• نام نہاد بنگلہ دیش
• زبدۃ التفاسیر

## تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن فیس کی مذمت

محمد اسلم رانا (ایڈیٹر المذاہب) نے پرائیویٹ تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن کے لئے دو لاکھ روپے زرضمانت اور رجسٹریشن فیس دس ہزار مقرر کیے جانے پر سخت نقطہ چینی کی ہے اور کہا ہے کہ یہ حکومتی اقدامات جاگیردارانہ ذہنیت کے عکاس ہیں۔ ان سے تعلیم محدود اور مہنگی ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ معین قریشی دور میں غیر ممالک میں سائنس کی اعلیٰ تعلیم کے لئے منظور کیے گئے چار سو وظائف کو منسوخ کرکے موجودہ حکومت پہلے ہی ملک کو پسماندہ رکھنے کا کریڈٹ حاصل کر چکی ہے۔

## پاکستان کے دینی اداروں کے بارے میں مغربی پریس کی تشویش

مغربی پریس میں ایک مضمون شائع ہوا ہے جس میں پاکستان کے دینی اداروں کی سرگرمیوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ مضمون میں کہا گیا ہے کہ دنیا بھر کے اسلام پسند پاکستان سے عالمی سطح پر ایک اسلامی انقلاب برپا کرنے کی کوشش ہورہی ہے۔ اس ضمن میں دینی ادارے ایک عرصے سے اسلامی مجاہدین کی تربیت گاہوں کا روپ دھار چکے ہیں اور بین الاقوامی دہشت گردی کے لئے یہ گھومنے والے پہیے کا کام دیتے ہیں۔ اخباری مضمون میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ پاکستان اور بھارت پچاس برسوں سے کشمیر میں الجھے ہوئے ہیں۔ جب اپریل میں پہاڑی چوٹیوں سے برف پگھلنا شروع ہوتی ہے تو تربیت یافتہ مجاہدین جہاد کے لئے پہاڑیوں کی وادیوں میں اتر جاتے ہیں۔ کشمیر کی جنگ



© rasailojaraid.com